نیوز ریلیز

# طلباء کے داخلوں کیلئے مزید فنڈنگ

28 نومبر، 2023ء میڈیا انکوائریز

## اسکول کے حکام کو داخلوں کے اندراج بڑھانے کے عمل سے نمٹنے کے قابل بنانے کیلئے البرٹا کی حکومت 30 ملین ڈالرکی اضافی سرمایہ کاری کر رہی ہے۔

اس سال، اسکول کے حکام داخلوں میں متوقع سے زائد اضافے کا سامنا کر رہے ہیں۔ طلباء کی بہتر طور پر مدد کرنے کیلئے، البرٹا کی حکومت 2023ء-24ء کے تعلیمی سال کیلئے فنڈنگ میں 30 ملین ڈالرکی اضافی رقم فراہم کر رہی ہے۔

اسکول کے حکام صفر اور 100 طلباء کے درمیان داخلوں کے حقیقی اندراج میں اضافہ کیلئے 1,500 ڈالر فی طالبعلم وصول کریں گے اور 100 طلباء سے زائد اضافہ کیلئے 2,000 ڈالرفی طالبعلم کے حساب سے فنڈنگ مہیا کی جائے گی۔

"البرٹا کینیڈا اور دنیا بھر سے لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کرنے کو جاری رکھتا ہے۔ ہم حالیہ مہینوں میں البرٹا میں بہت سے نئے آنے والوں کو دیکھ چکے ہیں، اس کا مطلب ہے کہ ہمارے اسکولوں میں زیادہ بچوں کے داخلوں کا اندراج ہو رہا ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ اسکولوں کو داخلے کے اندراج کے دباؤ کا سامنا ہے، اسلئے ہم اسکولوں اور طلباء کی بہتر مدد کیلئے اسکول کے حکام کو مزید فنڈز فراہم کر رہے ہیں۔ یہ فنڈنگ 2023ء کے بجٹ میں کی گئی تاریخی تعلیمی سرمایہ کاری میں اضافہ کرتی ہے۔"

*ڈیمیٹریوس نکولیڈز (Demetrios Nicolaides)، وزیرِ تعلیم*

سپلیمینٹل انرولمینٹ گروتھ گرانٹ کے ذریعے اسکول کے حکام کیلئے فنڈنگ دسمبر میں مقرر کی جائے گی۔ موجودہ تعلیمی سال کیلئے، سپلیمینٹل انرولمینٹ گروتھ گرانٹ میں تبدیلی کی گئی ہے تاکہ داخلوں میں اضافوں کا سامنا کرنے والے تمام اسکولوں کے حکام اب فی طالبعلم اضافی فنڈنگ وصول کریں۔ پچھلے تعلیمی سال میں، صرف داخلوں کے اندراج کے دو فیصد سے زائد اضافے والے اسکول حکام ہی گرانٹ کے اہل تھے۔ 2023ء-24ء تعلیمی سال کیلئے، حکام کیلئے پچھلے تعلیمی سال یا نظرثانی شدہ فارمولے کی بنیاد پر فنڈز مقرر کئے جائیں گے، دونوں میں سے جو بھی زیادہ فنڈز فراہم کرتا ہو۔

"البرٹا کے بہت سے مقامی طور پر منتخب شدہ، پبلک، کیتھولک اور فرانسیسی اسکول بورڈز داخلوں کے اندراج میں نمایاں اضافے کا سامنا کر رہے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ، طلباء کی بڑھتی ہوئی پیچیدگی والی آبادی کو، جنہیں ذہنی صحت، سیکھنے و ابتدائی مداخلت، اور انگریزی بحیثیت اضافی زبان کیلئے مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔ طلباء کی کامیابی کو یقینی بنانے میں اسکول بورڈز کی مدد کرنے پر البرٹا اسکول بورڈز ایسوسی ایشن حکومت کی طرف سے اس اضافی سرمایہ کاری کی قدر کرتی ہے۔"

*میریلن ڈینس (Marilyn Dennis)، صدر، البرٹا اسکول بورڈز ایسوسی ایشن*

"ہم شکرگزار ہیں کہ حکومت سی بی ای اسکولوں میں داخلوں کے تاریخی اندراج میں اضافے اور بڑھتی ہوئی پیچیدگی پر ردعمل دے رہی ہے۔ یہ فنڈنگ ہمیں طلباء کی مدد کیلئے اضافی اساتذہ اور اسکول پر مبنی عملے کی خدمات حاصل کرنے کے قابل بنائے گی۔"

*لورا ہیک (Laura Hack)، بورڈ چیئر، کیلگری بورڈ آف ایجوکیشن*

"ہمارا ضلع بے مثال ترقی سے ہمکنار ہو رہا ہے۔ ستمبر 2022ء سے ستمبر 2023ء تک، داخلوں کے اندراج میں 4.6 فیصد اضافہ ہو چکا ہے، اور ہم نئے طلباء کو خوش آمدید کہنا جاری رکھے ہوئے ہیں۔ ہم اپنے طلباء کی بڑھتی ہوئی آبادی کی متنوع ضروریات کو پورا کرنے کیلئے حکومت کی اضافی فنڈنگ کیلئے شکرگزار ہیں۔"

*شینن کُک (Shannon Cook)، بورڈ چیئر، کیلگری کیتھولک اسکول ڈسٹرکٹ*

"ہم اپنے داخلوں کے اندراج کی درست پیشگوئی کرنے کی کوشش کرتے ہیں، لیکن کچھ پہلو ناقابلِ پیشگوئی ہیں۔ دو فیصد کی حد کو ختم کرنے اور ہر ایک طالبعلم کو تسلیم کرنے، اور مطالبات پر بہتر طریقے سے قابو پانے کیلئے ہم مزید فنڈنگ وصول کریں گے۔ ہر ڈالر جو ہم اپنے طلباء پر لگاتے ہیں وہ البرٹا کے مستقبل میں سرمایہ کاری ہے۔"

*سینڈرا پلاٹزو (Sandra Palazzo)، بورڈ چیئر، ایڈمنٹن کیتھولک اسکول ڈویژن*

"ایڈمنٹن پبلک اسکول اپنے کلاس رومز کی مدد کی خاطر فنڈنگ کیلئے شکرگزار ہیں کیونکہ ہر سال ہمارے طلباء کی تعداد میں 5,000 کا اضافہ ہوتا ہے۔ ہم مستقبل میں فنڈنگ فارمولا پر صوبائی حکومت کے ساتھ بات چیت کرنے کے منتظر ہیں۔"

*جیولی کیوسِیک (Julie Kusiek)، بورڈ چیئر، ایڈمنٹن پبلک اسکولز*

اگلے تین سالوں میں، البرٹا کی حکومت داخلوں کے اندراج میں اضافے سے نمٹنے کیلئے اسکول ڈویژنوں کو 820 ملین ڈالر سے زائد رقم فراہم کر رہی ہے۔ یہ فنڈنگ اضافی اساتذہ اور کلاس روم کے معاون عملے کی خدمات حاصل کرنے کیلئے استعمال کی جاسکتی ہے، اس طرح اسکول کے حکام کلاسوں کے سائزوں اور طلباء کی بڑھتی ہوئی تعداد کا انتظام و انتصرام کر سکتے ہیں۔ علاوہ ازیں 126 ملین ڈالر کی نئی فنڈنگ تین سالوں کے دوران فراہم کی جا رہی ہے تاکہ اسکول کے حکام پیچیدہ کلاس رومز میں معاونتیں شامل کر سکیں اور طلباء کو ان کی ضرورت کے مطابق وہ وقت اور توجہ دے سکیں جن کی انہیں ضرورت ہے۔

## فوری حقائق

- 2023ء-24ء کے مالی سال میں، تعلیم پر 8.8 بلین ڈالر کی ریکارڈ رقم خرچ کی جائے گی، جو اسکولوں میں طلباء کی ہر روز حاضری کے 44 ملین ڈالر کے برابر ہے۔
- البرٹا کی حکومت اگلے تین سالوں میں نئے اور جدید اسکولوں کیلئے 2.3 بلین ڈالر کی سرمایہ کاری کر رہی ہے۔
- 2023ء کے بجٹ میں، البرٹا کی حکومت نے 58 ترجیحی اسکولوں کے پراجیکٹس کیلئے سپورٹ کا اعلان کیا جو طلباء کو نئی اور بہتر جگہیں فراہم کریں گے، ملازمتیں پیدا کریں گے اور کمیونٹیز کی مدد کریں گے۔
- طلباء کو نئی اور بہتر جگہیں فراہم کرنے، ملازمتیں پیدا کرنے اور البرٹا کی کمیونٹیز کو مضبوط بنانے کیلئے 2023ء کے کیپیٹل پلان میں اسکولوں کے 33 پراجیکٹس کیلئے 372 ملین ڈالر شامل ہیں۔
  اس میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

Classification: Public

- 10 نئے اسکول
- 16 متبادل اسکول
- سات کو جدید بنانا

- یہ پراجیکٹس 9,400 سے زائد نئی جگہیں تشکیل دیں گے اور 15,500 سے زائد طلباء کی جگہوں کو اَپ گریڈ کریں گے۔

## متعلقہ معلومات

- کلاس رومز میں مزید طلباء کی مدد کرنا | Appuyer un plus grand nombre d’élèves dans les classes (9 مارچ، 2023ء)
- البرٹا کے کلاس رومز میں مزید فنڈنگ جارہی ہے | Plus de financement pour les salles de classe de l’Alberta (20 مارچ، 2023ء)

## ملٹی میڈیا

- نیوز کانفرنس دیکھیں